For Immediate Release

Date: 26 June, 2014
Ref.No. MP/ILM/-2662014
Media Contact: Ghulam Mehdi
Contact No. +92-322-5000934
Email: media@mishal.com.pk
Website: www.mishal.com.pk
Twitter: @MishalPakistan

پریس ریلیز

بلوچستان میں 62فیصد بچیاں سکولوں سے باہر ہیں۔

بلوچستان میں 58فیصد سرکاری سکولوں کو صرف ایک استاد چلا رہا ہے۔

کوئٹہ(26جون 2014)اٹھارویں ترمیم میں اختیارات کی صوبوں کو منتقلی کے بعد تعلیم ایک صوبائی موضوع بن چکا ہے تاکہ صوبے اپنے شہریوں کو بہتر تعلیمی سہولیات کی فراہمی کے لیے اپنی ذمہ داری کو محسوس کرتے ہوئے بہتر کردار ادا کریں تاہم موجودہ تعلیمی حالات اور تعلیمی چیلنجز کو مدِنظر رکھتے ہوئے دیکھا جائے تو صوبوں میں استعداد کار کی کمی محسوس ہوتی ہے صوبائی تعلیمی اداروں کی تنظیم نو اور استعدادِ کار بڑھانے کی اشد ضرورت ہے۔

بلوچستان تعلیمی شعبہ میں سب سے نظرانداز کیا گیا صوبہ ہے تعلیمی میدان میں نہ صرف طبعی ڈھانچہ بلکہ انسانی سرمایہ بھی زوال پذیر ہے ان نقاط پر علم و آگاہی کی طرف سے کوئٹہ میں منعقدہ ایڈیٹرز کول میز ملاقات میں اتفاق رائے پایا گیا جس میں قومی اخبارات، ریڈیو اور ٹیلی وژن کے سینئر صحافیوں، بیورو چیف اور ایڈیٹرز کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔

اس ملاقات کا انعقاد مشعل پاکستان نے علم آئیڈیاز کے تعاون سے کیا اس سے پیشتر تعلیمی صحافت پر تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا جس میں قومی صحافتی اداروں کے 30 سے زائد رپورٹرز نے حصہ لیا۔

سینئر صحافی اور علم و آگاہی کے لیڈ ٹرینر مبشر زیدی نے میڈیا کے کردار کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہ بہترین صحافتی خبر دینا نہائیت ضروری ہے صحافیوں اور پالیسی سازوں کو بلوچستان میں تعلیمی صورتحال کی بہتری کے لیے حقائق اور اعداد وشمار کو مدِنظر رکھنے کی اشد ضرورت ہے۔صحافی علاقائی ضروریات کو اجاگر کر کے حکومت کی نظر میں ان کی اہمیت پیدا کرسکتا ہے۔

علم و آگاہی کے پروگرام مینجیر آصف فاروقی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی میڈیا میں تعلیم کے شعبہ میں معیاری صحافت کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کرنے کا کوئی فریم ورک موجود نہیں ہے انہوں نے بتایا کہ اس سال آگاہی جرنلزم ایوارڈ میں تعلیم کے حوالے سے خصوصی کیٹگیریز کا اضافہ کیا گیا ہے۔

الف اعلان کے اعداوشمار کے مطابق بلوچستان تعلیمی میدان میں دوسرے صوبوں سے بہت پیچھے ہے صوبے میں اساتذہ کی نہائیت کمی ہے اور سرکاری سکولوں میں سے 58فیصد سکول صرف ایک استاد چلا رہا ہے مذکورہ رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے بلوچستان میں 5 سے 16 سال تک کی عمر کی 62فیصد بچیاں سکولوں سے باہر ہیں

علم و آگاہی اقدام کا مقصد تعلیمی میدان میں احتساب اور تعلیمی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر اجاگر کرنا ہے تاکہ تعلیمی پالیسی سازی میں میڈیا کے ذریعے اتفاق رائے پیدا کیا جا سکے۔علم و آگاہی اقدام کے ذریعے گزشتہ دوماہ میں پورے پاکستان کے مختلف شہروں میں تعلیمی صحافت پر 18 ورکشاپس کا انعقاد کیا گیا ہر ورکشاپ میں 30 سے زائد صحافیوں نے ورکشاپ میں شرکت کی جہاں تعلیم کے شعبے کے اہم مسائل کی نشاندہی کر کے ان مسائل کی تفہیم کو بہتر بنا یا گیا۔ان ورکشاپس میں صحافیوں نے اپنے صحافتی کردار کے حوالے سے مشقیں کیں اور خبر کے مواد کی بہتری کے لیے اپنے ہم عصر صحافیوں سے مشاورت کی۔

مشعل پاکستان بین الاقوامی میڈیا کی اخلاقیات کے لیے مرکز اور عالمی اقتصادی فورم کے عالمی مسابقتی اور بینچ مارکنگ نیٹ ورک کا پارٹنر ادارہ ہے، مشعل بنیادی صحت اور تعلیم سمیت پاکستان کو درپیش مسابقتی چیلنجز کی شناخت کرنے میں فورم کی معاونت کرتا ہے۔

Mishal Pvt. Ltd.
250-B, Northern Service Road
Sector E-11/3, Islamabad
Tel: +92 51 8439251
Fax: +92 51 2228559
Email: info@mishal.com.pk
www.mishal.com.pk